22288 ـ فوت شدہ نماز جنازہ کی قضاء کرنے کی کیفیت

سوال

امام کے ساتھ نماز جنازہ کی ایك تکبیر پانے والے شخص جس کی تین تکبیریں چھوٹ گئیں ہوں کا حکم کیا ہے، اور وہ کیا کرے گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

وہ نماز جنازہ مکمل کرتے ہوئے جنازہ اٹھائے جانے سے قبل فوت شدہ تینوں تکبیریں قضاء کے طور پرکہہ کر سلام پھیر دے گا، اور جو تکبیر اس نے امام کے ساتھ پائی تھی وہ نماز کا ابتدائی حصہ شمار ہوگا، اور اس کے لیے دوسری اور تیسری تکبیر کے بعد کم از کم واجب کافی ہے.

لھذا وہ دوسری تکبیر کے بعد اللھم صلی اللہ علی محمد، اور تیسری تکبیر کے بعد اللھم اغفر لہ کہے گا، اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دے گا.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.